# آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## نوٹیفکیشن!

ہرگاہ! اعلان کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ اول/ دوم/کمپوزٹ/ السنہ شرقیہ (ادیب/ فاضل) اور میڈیکل ٹیکنالوجی گروپس فرسٹ اینول **2025**ء کا انعقاد **18** اپریل **2025**ء کو متوقع ہے۔اس امتحان کے لیے پرائیویٹ/ ریگولر داخلہ فارم کی تکمیل بذیل شیڈول کے مطابق آن لائن سسٹم کے ذریعے ہو گی۔اس امتحان میں شرکت کے لیے ریگولر ادارہ جات کے سربراہان اور پرائیویٹ طلباء و طالبات بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ **www.ajkbise.edu.pk/www.ajkbise.net** سے رجوع کریں۔امتحانی فیس کی ادائیگی کے لیے صرف آن لائن کمپیوٹرائزڈ چالان ہی استعمال کرنا ہو گا۔لہذا شیڈول کے مطابق امتحانی فیس/ پروسیسنگ فیس صرف آن لائن کمپیوٹرائزڈ فیس چالان پر ہی جمع کروائیں۔حبیب بینک لمیٹڈ آزاد کشمیر کی تمام برانچز ہی امتحانی فیس جمع کرنے کی مجاز ہیں۔

### شیڈول برائے وصولی آن لائن فیس و فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) امتحان انٹرمیڈیٹ/ السنہ شرقیہ/ میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ فرسٹ اینول **2025**ء

**فیس داخلہ جمع کروانے کا شیڈول**

| انٹر پارٹ دوم/ کمپوزٹ/ ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لیے |
|---|
| سنگل فیس کے ساتھ **20-01-2025** تا **10-02-2025** |
| دوگنا فیس کے ساتھ **11-02-2025** تا **21-02-2025** |
| تین گنا فیس کے ساتھ **22-02-2025** تا **28-02-2025** |

**فارم ہا داخلہ کی ہارڈ کاپیز وصولی کا شیڈول**

| انٹر پارٹ دوم/ کمپوزٹ/ ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لیے |
|---|
| سنگل فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ **15-02-2025** |
| دوگنا فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ **26-02-2025** |
| تین گنا فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ **05-03-2025** |

**فیس داخلہ جمع کروانے کا شیڈول**

| انٹر پارٹ اول/ ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لیے |
|---|
| سنگل فیس کے ساتھ **20-01-2025** تا **10-02-2025** |
| دوگنا فیس کے ساتھ **11-02-2025** تا **21-02-2025** |
| تین گنا فیس کے ساتھ **22-02-2025** تا **28-02-2025** |

**فارم ہا داخلہ کی ہارڈ کاپیز وصولی کا شیڈول**

| انٹر پارٹ اول/ ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لیے |
|---|
| سنگل فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ **15-02-2025** |
| دوگنا فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ **26-02-2025** |
| تین گنا فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ **05-03-2025** |

### اشراح فیس ہا داخلہ

**(ریگولر اُمیدواران کے لیے)**

| گروپ | پارٹ اول | پارٹ دوم | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|
| سائنس | 1920 | 1920 | 3340 |
| علم وادب اور کامرس | 1860 | 1860 | 3220 |
| میڈیکل ٹیکنالوجی | 5690 | 5690 | 10880 |

**(پرائیویٹ اُمیدواران کے لیے)**

| گروپ | پارٹ اول | پارٹ دوم | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|
| سائنس | 2000 | 2000 | 3500 |
| علم وادب اور کامرس | 1920 | 1920 | 3340 |
| میڈیکل ٹیکنالوجی | 5690 | 5690 | 10880 |
| السنہ شرقیہ = (ادیب/ فاضل) | 2080 | | |

**رجسٹریشن فیس کل -/2500 روپے (رجسٹریشن فیس -/1300 + سند فیس -/500 + سکالرشپ فیس -/200 + پروسیسنگ فیس -/500 روپے)**

### آن لائن داخلہ کے سلسلہ میں خصوصی ہدایات

**01** جو امیدواران پہلے سے انٹرمیڈیٹ/ السنہ شرقیہ کے لیے رجسٹرڈ نہیں ہیں اور وہ پہلی مرتبہ پرائیویٹ طور پر امتحان انٹر پارٹ اول/ دوم/ السنہ شرقیہ میں شرکت کر رہے ہیں وہ داخلہ فیس و پروسیسنگ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس کل -/2500 روپے (رجسٹریشن فیس -/1300 + سند فیس -/500 + سکالرشپ فیس -/200 + پروسیسنگ فیس -/500 روپے) جمع کروائیں گے۔

**02** ریگولر امیدواران کے فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپیز) متعلقہ ادارہ کے پرنسپل جبکہ پرائیویٹ امیدواران کے فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپیز) درج ذیل آفیسران ہی تحت قواعد تصدیق کرنے کے مجاز ہیں:۔

**i**۔آزاد کشمیر کی علاقائی حدود میں واقع سرکاری ہائی سکولز کے صدر معلمین/صدر معلمات پرنسپل صاحبان/ صاحبات کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز/ پروفیسرز/ لیکچرز ماہرین مضامین صاحبان/ صاحبات۔

**ii**۔آفیسر کمانڈنگ (صرف فوجی امیدواران کے لیے)

**iii**۔سپرنٹنڈنٹ جیل (صرف قیدیوں کے لیے)

**03** انٹر پارٹ اول/ دوم/ السنہ شرقیہ **(Languages)** اور میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ فرسٹ اینول **2025**ء میں شرکت کرنے والے پرائیویٹ امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائیٹ سے اپنا داخلہ فارم اور فیس پرت آن لائن فیڈ کریں اور پرنٹ (**A-4** کاغذ پر) حاصل کرنے کے بعد کمپیوٹرائزڈ فیس چالان کے ذریعے فیس داخلہ حبیب بینک لمیٹڈ کی برانچز میں جمع کروا کر اصل فیس چالان کی (بورڈ کاپی) فیس پرت کے ساتھ چسپاں کر کے ہمراہ فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) بعد از تصدیق مجاز آفیسر بورڈ ہذا کو ارسال کریں اور داخلہ فارم کی (فوٹو کاپی) اپنے ریکارڈ میں ضرور رکھیں نیز فارم داخلہ کے تینوں پرتوں پر امیدوار اُردو اور انگریزی میں اپنے دستخط بھی ضرور ثبت کریں۔

**04** گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن لینے کے لیے ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران گیارہویں جماعت کا سابقہ رول نمبر فیڈ کر کے آن لائن فارم داخلہ فیڈ کر سکتے ہیں۔

**05** ریگولر امیدواران کے لیے تمام ادارے اپنے **online account** کے ذریعے رجسٹریشن کی طرح پہلے سے فیڈ شدہ رجسٹرڈ امیدواران کے ایڈمیشن فارمز کے مضامین کے گروپ وائز **batches** بنائیں گے۔ادارہ اپنی مرضی سے ایک یا ایک سے زائد **batches** بنا سکتا ہے۔**batch** بنانے کے بعد صرف کمپیوٹرائزڈ چالان پر ہی فیس جمع کروانا ہوگی۔

**06** تمام سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ڈیٹا **(DATA)** کو **verify** کرنے کے بعد ہی **Admission Batchs** بنائیں۔بصورت دیگر **Batch** کو **Delete** کرنے کی فیس مبلغ -/2000 روپے ہوگی جو صرف **HBL** آزاد کشمیر کی برانچز میں جمع کروا کر اصل چالان بورڈ کو ارسال کرنے کے بعد ہی **Batch Delete** کر کے نیا بیچ بنایا جا سکتا ہے۔

